2.2: ہدایات برائے سوڈاواٹر پلانٹس

1۔ شاپ پر موجود تمام ملازمین کے میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹس موقع پر موجود ہوں۔

ہدایات برائے پلانٹ

1۔ پلانٹ کے گردنواح میں کوئی گندے پانی کا نالہ یا سیوریج کا گٹر نہ ہو۔

2۔ زمینی پانی کا ٹیسٹ کروا کر اسکی نوعیت کے مطابق ہی پلانٹ لگویا جائے RO,UF وغیرہ۔

3۔ پلانٹ کی عمارت کے اندرنمی سے خراب نا ہونے والے پینٹ کا استعمال کیا جائے۔

4۔ سوڈاواٹر کی تیاری میں ایسے رنگ اور ایسڈز استعمال کئے جائیں جو انسانی صحت کے لئے مضر نہ ہوں۔

5۔ ہر پلانٹ پر واٹر ٹیسٹنگ اور فلٹریشن کا انتظام ہونا ضروری ہے۔

6۔ سوڈاواٹر پلانٹ کے لئے الگ عمارت میں یونٹ بنائیں اور اس عمارت کو کسی اور مقصد کے لئے استعمال نہ کریں۔

7۔ گھروں میں پلانٹ لگانا سخت منع ہے۔

ہدایات برائے ملازمین

1۔ تمام ملازمین کے میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹس موقع پر موجود ہوں۔

2۔ تمام ملازمین کا کام شروع کرنے سے پہلے صاف اور آلودگی سے پاک ہونا ضروری ہے۔

3۔ واٹر پلانٹس پر موجود تمام ملازمین کا کام کے دوران ماسک، ہیڈ کورز اور مخصوص جوتوں کا استعمال کرنا ضروری ہے۔

4۔ دوران کام سگریٹ نوشی یا کھانا پینا منع ہے۔

5۔ ملازمین کے کپڑے صاف ستھرے ہوں ناخن کٹے ہوئے ہوں اور دوران کام جیولری بینڈز پہننا منع ہے۔

6۔ ملازمین واش رومز استعمال کرنے کے بعد ہاتھ دھونے کو یقینی بنائیں۔

ہدایات برائے صفائی

1۔ فلٹر پلانٹ کی ممبرین کی روزانہ کی بنیاد پر بیک واش ضروری ہے۔

2۔ فلٹر کی تبدیلی بروقت ضروری ہے۔

3۔ بوتلوں کی صفائی بذریعہ پریشر واشنگ اور گرم پانی 85 ڈگری سینٹی گریڈ سے یقینی بنائی جائے

اضافی ہدایات برائے بڑے مینوفیکچرنگ یونٹس

1۔ سوڈاواٹر کی بوتلیں اتارنے کے بعد گاڑی کو جراثیم کش کیمیکل سے صاف کرنا ضروری ہے۔

2۔ دوروازے آسانی سے کھلنے اور بند ہونے والے ہوں۔ دروازوں کی حالت اچھی ہونی چاہئے۔

3۔ کولڈ سٹور میں تھرمامیٹر موجود ہونا چاہیئے۔

4۔ کولڈسٹور کا درجہ حرارت منفی 18 ڈگری سینٹی گریڈ ہونا چاہیئے۔

کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر و ضروری اقدامات

1۔ ملازمین کو کام کرنے کے لیے ایسا ماحول فراہم کیا جائے جو ذاتی حفظان صحت کو فروغ دیتا ہو۔

2۔ کارکنوں/ملازمین کو اپنے کام کی سطح کو صاف کرنے کے لیے ضروری اشیاء، ٹشو، صابن، سینی ٹائزر، جراثیم کش اسپرے اور ڈسپوزبل تولیے وغیرہ کی فراہمی کو یقینی بنائیں

3۔ بیمار کارکنوں کو اپنے گھروں میں رہنے کی ہدایات دی جائیں۔

4۔ یونٹس میں اعلیٰ کارکردگی کے حامل ائیر فلٹرز کی تنصیب کی جائے۔

5۔ بائیومیٹرک حاضری کے سلسلے کو فوری طور پر ترک کیا جائے۔

6۔ یونٹ کے احاطے میں داخل اور باہر نکلنے والے تمام افراد و گاڑیوں کا ریکارڈ برقرار رکھا جائے۔

7۔ یونٹ کے احاطے میں داخل ہونے والے تمام افراد کا درجہ حرارت اور کورونا وائرس کی دیگر علامات، فلو، کھانسی اور پٹھوں کے درد کی جانچ پڑتال کی جائے۔

8۔ کورونا وائرس کے مشتبہ ورکرز کی ٹیسٹ رپورٹس موصول ہونے تک ان کے لیے علیحدہ جگہ یا قرنطینہ کا انتظام کیا جائے۔

9۔ واش رومز کو بار بار استعمال کے بعد سینی ٹائز اور ڈس انفیکٹ کیا جائے۔

10۔ یونٹس کے احاطے میں روزانہ کی بنیاد پر عام کلورینیشن اسپرے کیا جائے۔

11۔ یونٹس مالکان ملازمین کے لیے پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔

12۔ کورونا وائرس یا کسی دوسری بیماری سے متاثرہ ورکرز کو مستند ڈاکٹر کے فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر کام کی اجازت نہ دی جائے۔

13۔ ممکن ہو تو ٹیلی مواصلات متعارف کروا کر کارکنان، گاہکوں اور صارفین کے مابین جسمانی رابطے کو کم سے کم رکھا جائے۔